مطبوعات

قرآنِ حکیم اور ہماری زندگی جسٹس ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن۔ ناشر: صدیقی ٹرسٹ، نسیم پلازا، نشتر روڈ، کراچی۔ قیمت: ۳۰/- روپے۔

کتاب کی قدر و قیمت متعین کرنے میں صاحبِ کتاب کی شخصیت اور خدمات بھی اہم ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے تحقیقی و تصنیفی دائرے میں متعدد حاصلِ محنت پیش کیے ہیں۔ جو اُن کے تبحرِ علمی کے ساتھ شریعت اسلامی سے اُن کی محبت اور قانون کے معاملات میں ان کی مہارت کے آئینہ دار ہیں۔ یہ قیمتی شخصیت خوش قسمتی سے اسلامی نظریاتی کونسل کی سربراہی کے مقام تک پہنچی، مگر اس پابندِ ایمان و ضمیر آدمی کا کام شاید بیوروکریسی کو پسند نہیں آیا۔ ڈاکٹر صاحب کے زیرِ اہتمام ہونے والے کام کو پبلک کے سامنے لائے بغیر یکایک انہیں چلتا کر دیا۔

یہ کتاب ڈاکٹر صاحب کی ان ۴۶ تقاریر کا مجموعہ (حصہ اوّل) ہے جو متذکرہ عنوان سے ریڈیو پاکستان لاہور سے ۱۹۶۷ء تا ۱۹۸۰ء کے دور میں نشر ہوتی رہیں۔ اور عوام میں مقبول ہوئیں۔

ہماری سفارش ہے کہ اس کتاب کو تعلیم یافتہ عوام کے علاوہ نوجوانوں میں پھیلنا چاہیے۔ اور ملک کی لائبریریوں میں رکھا جانا چاہیے۔

دعوت نئی دہلی کا "اجتماع نمبر" قیمت دس روپے۔ ہفت روزہ سائز کے ۲۰۲ صفحات باریک طباعت۔

حیدر آباد دکن سے آٹھ میل کی دوری پر ایک بے آب و گیاہ میدان پہاڑی چٹانوں کے درمیان واقع ہے۔ "وادیٔ الہدیٰ" کو جماعت اسلامی ہند کے اہلِ جنون نے تین روز کے لیے زندگی